تعارف و تبصرۂ کتب

اکرام اللہ ساجد کیلانی

نام کتاب . . . دعواتِ حق

افادات . . . شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہٗ العالی!

ترتیب وتزئین . . . مولانا سمیع الحق

ناشر . . . مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

ضخامت . . . پونے سات سو صفحات

قیمت . . . تیس روپے

حضرت مولانا عبدالحق مدظلہ العالی کی ذات محتاجِ تعارف نہیں۔ آپ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک اور ماہنامہ "الحق" کے سرپرست ہیں اور اس سلسلہ میں آپ نے جو تدریسی اور علمی خدمات سرانجام دی ہیں، اہلِ علم ونظر سے پوشیدہ نہیں!

مولانا موصوف کی تبلیغی خدمات بھی کچھ کم نہیں۔ لیکن آپ کو ایک مقرر یا خطیب کہنے کی بجائے ایک ایسا داعی اور مصلح کہنا زیادہ مناسب ہوگا جو جدید باطل نظریات کی سرکوبی کرکے ذہن وفکر کی الجھنیں دور کرتا اور عوام اور بالخصوص نوجوان نسل کی ذہنی سطح کو ملحوظ رکھ کر ان کے اندازِ فکر کو درست کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا اندازِ بیان سادہ اور عام فہم ہونے کے باوصف انتہائی مؤثر، دل کی گہرائیوں میں اتر جانے والا اور نیک طبعی کے باعث حرارتِ ایمانی میں سوز وگداز کے اضافہ کا موجب بنتا ہے۔